2020
چالیس
احادیثِ نبوی

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
تم میں سے بہتر وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور
دوسرے کو سکھائے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جو شخص کو یہ پسند ہو کے اسکی عمر دراز ہو اور اس کے رزق میں اضافہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرے اور اُن پر صلہ رحمی کرے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے
جیسے اس نے کوئی گناہ کیا ہی نہیں۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرود بھیجا
اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں بھیجتا
ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
قیامت کے دن میرے نزدیک ترین
وہ لوگ ہونگے جو سب سے بڑھ کر
مُجھ پر درود بھیجتے تھے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ
اور زبان سے دوسرا مسلمان
محفوظ ہو۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
میں اور یتیم کی کفالت کرنے
والا جنت میں ساتھ ہونگے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
تم میں اچھا وہ ہے جس کا
اخلاق اچھا ہو۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

دنیا مومن کے لیے قید خانہ

اور کافر کے لئے جنت ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
مسلمان اور کافر کے درمیان
نماز فرق کرتی
ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
رشتداری کاٹنے والا جنت میں
داخل نہ ہو گا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
حیا ایمان کا حصہ ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ
عمل وہ ہے جو دائمی ہو اگرچہ تھوڑا ہو۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے
جس گھر میں کتا یا تصویر ہو۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
کسی پر ظلم قیامت کے دن اندھیروں کا
سبب ہو گا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
ٹخنوں کے نیچے جتنا کپڑا ہو گا اُتنی جگہ جہنم
میں جائیگی۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

کسی مسلمان کیلئے جائز نہیں کہ وہ اپنے
مومن بھائی سے تین دن ناراض رہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
اپنے قریب المرگ لوگوں کو لا الہ الا اللہ
کی تلقین کرو۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
سورۃ قُل ھو اللہ احد، ایک تہائی
قرآن کے برابر اجر رکھتی ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
دین سراسر خیر خواہی کا نام ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
زمانے کو گالی نہ دو۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
اللہ لعنت کرے اس پر جو ماں باپ کو لعنت
کرے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھوں سے بہتر ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
مسلمانوں کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے اور قتل
کرنا کفر
ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
بے شک اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو
پسند کرتا ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
چغل خور جنت میں نہیں داخل ہو گا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
"جو حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا نہیں کرتا،
میں اُس کے لئے اعلیٰ جنت میں گھر کا ضامن
ہوں۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اللہ تعالی ایسے شخص کو اپنے عرش کے سائے
میں جگہ دے گا جس نے تنہائی میں اللہ کا
ایسے ذکر کیا کہ اس کے آنسو جاری ہو گئے

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

ایک وقت آنے والا ہے جب لوگ نیکی پر
شرم اور گناہ پر فخر کرینگے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

تم اللہ تعالیٰ سے ایسی حالت میں دُعا کیا کرو کہ
تم قبولیت کا یقین رکھا کرو اور یہ جان رکھو کہ
اللہ تعالیٰ غفلت سے بھرے دل کی دعا قبول
نہیں کرتا.

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اگر جُھک جانے (یعنی عاجزی اختیار کرنے سے)
تمہاری عزت گھٹ جائے تو قیامت کے دن
مجھے سے لے لینا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
جو شخص حصولِ تعلیم پر ایک گھنٹہ کی ذلت
برادشت نہیں کر سکتا وہ ہمیشہ کی ذلت میں
پڑا رہتا ہے.

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
اپنی کمائی پاک رکھو تمہاری دُعا قبول ہو گی۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

غصہ شیطان سے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے۔ اور آگ پانی سے بجھائی جاتی ہے۔اور جب تم میں سے کوئی غصّہ ہو تو اس کو وضو کر لینا چاہیے

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ کوئی اپنے والدین پر لعنت کرے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ! آدمی اپنے ماں باپ پر کس طرح سے لعنت کر سکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایک آدمی دوسرے کے باپ کو گالی دے تو وہ اس کے ماں اور باپ کو گالی دے گا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

تم بدگمانی سے بچو اس لیئے کہ بدگمانی سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے اور نہ کسی کے عیبوں کو تلاش کرو اور نہ تجسس کرو اور نہ ایک دوسرے سے حسد کرو اور نہ غیبت کرو اور نہ بغض رکھو اور اللہ کے بندے بھائی بھائی بن کر رہو اور کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ ناراض رہے

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے بری ہے

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

تین آدمی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ روزِ قیامت دیکھے گا بھی نہیں۔

1- والدین کا نافرمان

2- مستقل شراب پینے والا

3- احسان جتانے والا

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جس نے کسی بھوکے مومن کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا تو اللہ پاک اسے جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے سے داخل فرمائے گا جس سے اُسی جیسے لوگ داخل ہونگے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جس کے دل میں رائی کے دانے جتنا (یعنی تھوڑا سا بھی) تکبر ہو گا وہ جنت میں داخل نہ ہو گا۔

ان احادیث مبارکہ کو جتنا share کریں گے اتنا زیادہ
آپ کو ثواب ملتا رہے گا۔
ثواب کی نیت سے لازمی share karen۔

100٪ فیصد تصدیق شدہ احادیثِ مبارکہ

All Of This Hadith's are 100% Verified